جلد ۴۱ نمبر ۲۵

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZET.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۵ محرم الحرام ۱۳۴۸ھ مطابق ۲۴ جون ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	منظوری میعاد چہاردہ سالہ موضعات مستاجری -	۱و۲
۲	رخصت ڈاکٹر کاظم علی صاحب -	۲
۳	" ڈاکٹر مہرن بہار یال صاحب -	"
۴	" اسسٹنٹ منصرم ... -	"
۵	" اسسٹنٹ ... -	"
۶	ضمیمہ	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۳۰ مئی ۱۹۲۹ء

مراتب مندرجہ رپورٹ کی منظوری دیجاتی ہے - کاغذ بغرض کارروائی واپس ہو -
... انگلو ... ...

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و حکمہم

بغرض پیش — بیرسانند

جناب عالی

جن موضعات کا تشخیص مالگذاری کے ذریعہ سے بندوبست ہوتا ہے اُنمین اضافہ و بیدخلی کی ممانعت کردیجاتی ہے - اور بوقت تشخیص سرکاری طور پر اضافہ تجویز کرکے اُسکی رقم شامل نکاسی کرلیجاتی ہے - جو رقم مستاجران کو دس روپیہ فیصدی چھوڑی جاتی ہے اُسمین خرچ دہی شامل ہوتا ہے جسکی منہائی کے بعد مستاجر کا نفع بہت تھوڑا رہجاتا ہے - فی الجملہ بیشی نفع کے خلاف یہ صورت ہے کہ اگر کوئی کاشتکار فرار یا فوت ہو تو اُسکی آراضی مستاجر اضافہ لگان سے اُٹھا دیتے تھے - کیونکہ کاشتکاران کو حق موروثی نہ تھا - اب جدید قواعد کے نفاذ سے مستاجران کو اسکا حق بھی نہ رہا کیونکہ آراضیات میں کاشتکاران کو حق موروثی حاصل ہوگیا - یہ مستاجران کی بددلی کا باعث ہوگا -

(۲) اس سے زیادہ اہم یہ امر ہے کہ جدید قواعد حقوق کاشتکاران میں میعاد اضافہ پندرہ سال رکھی گئی ہے اور موضعات تشخیصی اور نیلامی کا بندوبست دہ سالہ ہوتا ہے - اور تشخیص کے وقت اضافہ ہوتا ہے - لہذا قاعدہ کے خلاف یہ عمل ہوگا کہ دس سال بعد اضافہ کیا جائے - اور یہ صورت ممکن العمل نہیں ہے کہ بندوبست تو دہ سالہ ہو اور کاشتکاران پر اضافہ پندرہ سال بعد ہو - ان وجوہ سے

ہم ترقیوزاہان کی تجویز ہے کہ

(الف) جو مواضعات منقضی المیعاد یا بین المیعاد ختم شدہ سال حال میں زیر بندوبست ہیں انمیں سے جسقدر مواضعات کا بندوبست بذریعہ تشخیص مناسب سمجھا جاویگا۔ انکا بندوبست بذریعہ تشخیص کیا جاویگا اور جن مواضعات کا نیلام کرنا مناسب ہوگا انکو نیلام کیا جاویگا۔ مگر میعاد بندوبست کل مواضعات پندرہ سالہ مقرر کیجائے۔

(ب) جن مواضعات کا بندوبست تشخیص سنین ماضیہ میں ہوچکا ہے انکی میعاد بندوبست بھی پندرہ سال کر دیجائے۔

(ج) جن مواضعات کا بندوبست سنین ماضیہ میں بذریعہ نیلام ہوا ہے اُن مواضعات کے مستاجر بھی درخواست کریں تو انکی بھی میعاد بندوبست پندرہ سال کر دیجائے۔

چونکہ بموجب قواعد جدیدہ پندرہ سال تک کاشتکاران پر اضافہ لگان نہیں ہو سکتا لہذا میعاد مستاجری بھی پندرہ سالہ مقرر کرنے میں ہرج نہیں ہے۔ اور اس سے مواضعات اور کاشتکاران کی بہتری اور مستاجران کی دلجمعی متصور ہے۔ عرضداشت بامید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایوں ہے۔

ترقیوزاہان دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر و جونیر ریونیو سکریٹری صاحب بہادر

حکم اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

نقل عرضداشت و حکم اجلاس ہمایوں بخدمت صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر مرسل ہو اور حاکم صاحب [illegible] و جمیع تحصیلداران پرگنہ جات و [illegible] کو اطلاع دیجائے اور تحصیلداران کو اطلاع دیجائے کہ جو دیہات تشخیصی ہیں بقاعدہ [illegible] ہیں انکے افراد مرتب کر کے بجلد پیش کریں۔ اور [illegible] بھی جملہ پرگنہ جات کے نقشہ جات مرتب کر کے ملاحظہ کرائیں۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۳۱ مئی ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر۔

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۴ جون ۱۹۲۹ء

مثنہ تحریر چیف میڈیکل افسر صاحب دربارہ منظوری رخصت مزید یکماہ از یکم جون ۱۹۲۹ء بوضع تنخواہ ڈاکٹر کاظم علی صاحب اسسٹنٹ سرجن سفینہ شفاخانہ ملک۔

حکم

ڈاکٹر کاظم علی سفینہ شفاخانہ ملک کی مزید رخصت ایکماہ از یکم جون ۱۹۲۹ء سے منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۸ جون ۱۹۲۹ء

مثنہ تحریر چیف میڈیکل افسر صاحب دربارہ منظوری رخصت دس یوم من ابتداء ۵ جون ۱۹۲۹ء ڈاکٹر سرن بہاری لال اسسٹنٹ سرجن

حکم

حسب سفارش چیف میڈیکل افسر صاحب۔ ڈاکٹر سرن بہاری لال اسسٹنٹ سرجن کی رخصت دس یوم ۵ جون ۱۹۲۹ء سے منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۸ جون ۱۹۲۹ء

مثنہ روبکار اجلاس صاحب سشن جج بہادر دربارہ منظوری رخصت دو ہفتہ از ۲۲ جون ۱۹۲۹ء علاوہ تعطیلات عشرہ محرم علی اکبر اسسٹنٹ منصرم نقول بذمہ داری تصدق حسین نقلنویس ایزادی۔

حکم

حسب رپورٹ صاحب سشن جج رخصت علی اکبر کی منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

رخصت

۴ جون ۱۹۲۹ء

مثنہ رپورٹ میونسپل افسر صاحب دربارہ منظوری رخصت دس یوم منشی اختر الدین انسپکٹر بضرورت جانے بمقام [illegible] ضلع سورت

حکم

حسب سفارش سپرنٹنڈنٹ صاحب چنگی مصدقہ میونسپل افسر صاحب رخصت دس یوم اختر الدین نائب سپرنٹنڈنٹ چنگی منظور کیجاتی ہے کاغذ بغرض اجراء احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا